
آپ سب دوست بھی باری باری سے پانسہ پھینکیے۔ دیکھیے 10-10 بار پانسہ پھینکنے پر کس کو 6 سب سے زیادہ بار ملتا ہے؟ دیکھیے کون جیتتا ہے؟ اگلی بار 15-15 بار پانسہ پھینک کر آنکڑے اکٹھے کیجیے۔

| بچوں کے نام | میلان چارٹ | پاسے میں 6 جتنی بار آیا |
|---|---|---|
| وہاب | | 2 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

ایک اسکول میں درجہ 3 اور 4 کے بچوں کی عمر 8 سے 13 سال کے بیچ ہے۔ ہر بچے کا نام لکھنے کی بجائے ☺ نشان بنادیا گیا ہے۔



## بنا گنے اس جدول سے بتایئے کہ:

☆ کس عمر کے بچے سب سے زیادہ ہیں؟........................................................................

☆ کس عمر کے بچوں کی تعداد سب سے کم ہے؟...................................................................

## اب بتایئے:

☆ کن، کن عمر کے بچوں کی تعداد برابر ہے؟....................................................................

☆ 10 سال سے زیادہ عمر والے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟.........................................................

☆ 10 سال سے کم عمر والے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟...........................................................

☆ درجہ 3 اور 4 میں کل کتنے بچے ہیں؟........................................................................


☆ 9 سال کے بچوں کی تعداد 10 سال کے بچوں کی تعداد سے کتنی کم یا زیادہ ہے؟

.............................................................................................................

آپ بھی ایسا ہی جدول اپنے درجہ کے بچوں کی عمر لے کر بنایئے اور بتایئے کہ کتنے بچے کس، کس عمر کے ہیں؟ جدول پر 5 سوالات بھی بنایئے۔

☆ حمید نے اپنے باغیچہ میں الگ الگ پھلوں کے پیڑ لگائے تھے۔ پیڑوں پر پھل لگنے پر اُس نے اُنہیں توڑ کر اپنے پاس جمع کیا۔ ہر پھل کو تول کر حمید نے 1-1 کیلوگرام تھیلی بنا کر انھیں رکھ لیا۔

یاد رکھنے کے لئے اُس نے اپنے بورڈ پر ایسی تصویر بنائی (ہر پھل کی تصویر کیلوگرام کو ظاہر کر رہی ہے)۔




## اوپر تصویر دیکھ کر بتائے۔

☆ کتنے کیلوگرام امرود ہیں؟.............................................................................

☆ سیب اور لیچی ملا کر کل کتنے کیلوگرام ہیں؟..........

☆ حمید کے باغیچہ سے کل کتنے کیلوگرام پھلوں کی پیداوار ہوئی؟..........

☆ موتیہاری کے ایک اسکول میں درجہ 1 سے لے کر 5 ویں تک بالترتیب 15,25,30,35 طلبہ پڑھتے ہیں۔ اگر تصویر ☺ 5 طلبہ کو ظاہر کرتی ہے تو نیچے دئے گئے جدول کو آپ کیسے بھریں گے۔

**موتیہاری کے طلبہ (1-5) تک**

| درجہ | طلبہ |
|---|---|
| 1. | ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ ☺ |
| 2. | |
| 3. | |
| 4. | |
| 5. | |

☆ پتا کیجئے آپ کے درجہ میں کس بچے کو کون مضمون پسند ہے؟ اور دیئے گئے جدول کو بھریئے۔

درجہ میں کل بچے =..........

| عنوان/مضمون | طلبہ کی تعداد کو دکھانے والا نشان |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

## جدول کی بنیاد پر بتایئے:

☆ کون سا مضمون سب سے زیادہ بچوں کو پسند ہے؟

☆ حساب مضمون کتنے بچوں کو پسند ہے؟

☆ حساب اور ہندی میں سے کون سا عنوان یا مضمون بچوں کو زیادہ پسند ہے؟

☆ کون سا عنوان سب سے کم بچوں کو پسند ہے؟

☆ ہندی کے عنوان پسند کرنے والے بچوں کی تعداد؟.................................................................

☆ حساب کے عنوان پسند کرنے والے بچوں کی تعداد؟.................................................................


☆ حساب سبجکٹ پسند کرنے والے بچوں کی تعداد ہندی عنوان پسند کرنے والے بچوں کی تعداد سے کتنا کم یا زیادہ ہے؟

.................................................................

☆ اسکول جانے کے لئے بچے الگ الگ ذرائع کا استعمال کرتے ہیں۔ وجئے نے اپنے اسکول اور آس پاس کے دوستوں سے پتہ لگایا اور اپنا جدول اس طرح بنایا۔

| بذریعہ | تعداد |
|---|---|
| پیدل | 30 |
| سائیکل | 35 |
| اسکوٹر/سائیکل | 12 |
| آٹو | 2 |
| بس | 4 |
| دیگر ذرائع | 6 |

دیکھئے اس تصویر میں وجئے نے بچوں کی تصویروں کو نیچے سے اوپر سجانے کے بجائے ذرائع کے اوپر ایک۔ ایک ڈنڈا کھڑا کر دیا۔ بائیں طرف20,15,10,5..............اعداد لکھے گئے ہیں۔ جنکے بیچ بھی لائنیں بنی ہیں۔ ہر لائن 1 بچے کو دکھاتا ہے۔ اسلئے پیدل جانے والے30 بچوں کے لئے پیدل، کے اوپر کھڑا ڈنڈا30 تک کھینچا گیا ہے۔اسی طرح دوسرے ڈنڈے بھی کھینچے گئے ہیں۔



اُس نے اس طرح ظاہر کیا:

## آیئے اسے سمجھتے ہیں:

☆ سب سے لمبا ڈنڈا سائیکل سے آنے والے بچوں کی تعداد کا ہے


☆ سب سے چھوٹا ڈنڈا آٹو سے آنے والے بچوں کی تعداد کا ہے

☆ اسکوٹر سے آنے والے بچوں کی تعداد پیدل چلنے والوں بچوں کی تعداد سے تقریباً آدھی ہے

☆ آپ اپنے درجہ کے بچوں سے معلوم کیجئے کہ وہ کس سے آتے ہیں۔ اُن کے جدول بھی بنائے اور کھمبوں کی شکل میں دکھایئے۔

آپ اپنے گھر یا گلی کے باہر بیٹھئے اور دیکھئے، وہاں سے 1 گھنٹہ میں کتنے مرد عورت، لڑکے اور لڑکیاں گزرتی ہیں۔ ہر ایک کے لئے اُس کے سامنے والے خانے میں ایک لائن ( / ) کھینچئے۔ اُنھیں گن کر کل تعداد لکھئے اور کھمبوں کی شکل میں ظاہر کیجئے۔

| کون، کون گزرا | لائن | میزان |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |




کل کتنے لوگ گزرے؟..........................................

لڑکے زیادہ تھے یا لڑکیاں؟..........................................

بچے زیادہ تھے یا بڑے؟..........................................


ڈنڈے کے ذریعہ اعداد و شمار کو ظاہر کرنے والی تصویر کو، 'ڈنڈا گراف' کہتے ہیں۔

☆ آپ بھی اپنے سے کچھ اعداد و شمار (آنکڑے) اکٹھا کر اُن کو ظاہر کرنے کے لئے ڈنڈا گراف تیار کیجئے۔

باب-16

# اشکال یا بناوٹیں

آپ نے اپنے آس پاس کئی ایسی چیزیں دیکھی ہوں گی، جنہیں ہم لڑھکا سکتے ہیں۔ نیچے کی تصویروں میں سے دیکھ کر بتائیے ایسی چیزیں کون سی ہیں؟




ایسا کیوں ہے کہ میز، کتاب جیسی چیزیں لڑھکتی نہیں ہیں؟ آیئے اسے سمجھیں۔

ایک گیند کے اوپر ہاتھ پھیریئے، کیا اس میں کہیں کونے یا کنارے ہیں؟ کیا وہ کہیں پر چپٹی یعنی سپاٹ ہے جیسی سطح آپ کتاب میں دیکھتے ہیں؟ ..............................................

آیئے اب ڈھولک پر ہاتھ پھیر کر دیکھتے ہیں۔

کیا ڈھولک میں جس حصے کو ہم ہاتھ سے مار کر بجاتے ہیں وہ کتاب کی سطح جیسا چپٹا یعنی سپاٹ ہے؟

کیا ڈھولک کسی بھی حالت میں رکھنے پر لڑھکتا ہے؟





ہاں، آپ نے ٹھیک سمجھا! ڈھولک میں گیند جیسی گھماؤ دار اور کتاب کی سطح جیسی چپٹی دونوں طرح کی سطح ہے۔

حالت ۔1

حالت ۔2


جب آپ اسے حالت ۔2 کی طرح رکھتے ہیں تو کیا یہ لڑھکے گا؟ ....................................


جس حالت میں ڈھولک لڑھکے گا اُس پر (✓) کا نشان لگائیں اپنے آس پاس کی ایسی چیزیں ڈھونڈیئے اور بتایئے جو ہو۔

آیئے اب ایک بھی طرف سے سپاٹ 1 چپٹی بناوٹ کو سمجھیں۔

| سبھی طرف سے برابر | گیند جیسی گھماؤ دار | دونوں طرح کی (گھماؤ دار بھی اور برابر بھی) |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

آیئے، اب بھی طرف سے ایک برابر/چپٹے اشکال کو سمجھیں::






آپ نے پانسہ تو دیکھا ہی ہے۔ ایک پانسے کو ہاتھ میں لے کر دیکھیے، اُسکی سطح پر اپنی انگلی پھیریئے۔ جہاں سے پانسہ سپاٹ (یکساں سطح) ہے ایسی کتنی سطحیں ہیں؟....................................

ایسے ہی آپ ڈبے کی سطح پر انگلی پھیریئے۔ سپاٹ سطحیں کتنی ہیں؟......................


آپ درجہ میں رکھا چاک کا ڈبہ لے کر اُسے دیکھیے۔

چلیے، اب ڈبے کو کھول کر دیکھ سکتے ہیں



جب آپ نے ڈبے کو کھولا تو آپ کو کچھ خطوط (لائنیں) نظر آئی ہوں گی۔ انھیں ڈبے کا کنارا (edge) کہتے ہیں جہاں سے آپ موڑ کر واپس ڈبہ بنا سکتے ہیں۔

ڈبے پر یہ کنارے ایک نقطہ پر آکر ملتے ہیں جو چھونے پر نوکیلا لگتا ہے۔ اسے ڈبے کا کونا (**vertex**) کہتے ہیں۔




اوپر ایک ڈبے کی تصویر بنی ہے جس میں ڈبے کے کونے، کنارے، سطح بتائے گئے ہیں۔


اب آپ بھی ماچس کا ایک خالی ڈبہ اور ایک ''لوڈو'' کا پاسہ لائیے ان دونوں چیزوں کے کونے، کنارے اور سطح پہچانیے اور نیچے دیئے گئے جدول (ٹیبل) میں بھریئے۔


| چیزیں | کونوں کی تعداد | کناروں کی تعداد | سطحوں کی تعداد |
| --- | --- | --- | --- |
| ماچس کا ڈبہ<br>لوڈو کا پاسہ | | | |


1. کیا دونوں چیزوں میں کونوں، کناروں اور سطحوں کی تعداد ایک جیسی ہے؟
2. کیا دونوں چیزیں ایک جیسی نظر آتی یا الگ الگ ہیں؟ آیئے پتہ کریں........

ماچس کا ایک ڈبہ اور ''لوڈو'' کا ایک پانسہ لیجیے۔ دونوں کی ہر ایک سطح پر اسے شروع کرتے ہوئے ہندسے لکھیے۔

نیچے دیئے خالی جگہ میں دونوں کی سبھی سطحوں کی تعداد لکھیے۔







________________ ________________

ماچس کاڈبہ اور پاسہ لیکر پنسل سے اُس کے الگ الگ سطحوں کو نیچے بنایئے:

ماچس کاڈبہ

1 2 3

4 5 6

پاسہ

1 2 3

4 5 6

1. کیاماچس کے ڈبے کی سبھی سطحیں ایک جیسی ہیں؟


---


2. جوسطح ایک جیسی نظر آئے، اُن میں ایک جیسارنگ بھریئے۔ان کی بناوٹ کو پہچانئے۔
3. کیاپانسے کی سبھی سطحیں ایک جیسی ہیں؟ان کے بناوٹ کو بھی پہچانئے۔

---

4. کیاماچس کے ڈبے اور پانسے کی سطحوں میں کوئی فرق ہے؟اپنے ساتھیوں سے تبادلہ خیال کیجئے۔

---





پچھلی سرگرمی یا عملی طریقے میں ہم نے دیکھا کہ۔

1. ''لوڈو'' کے پانسے کی سبھی سطحوں کی بناوٹ مربع (Square) جیسی ہے ایسے ڈبے یا دوسری چیزیں جن کی سبھی سطحوں کی بناوٹ مربع جیسی ہو اُن چیزوں کی بناوٹ یا ساخت کو ہم مکعب (Cube) کہتے ہیں۔

اپنے آس پاس کی چیزوں میں کچھ ایسی چیزیں ڈھونڈیے جن کی بناوٹ مکعب ہو اُن کے نام لکھئے۔

1.
2.
3.
4.
5.
6.


1. ماچس کے ڈبے کی سبھی سطحوں کی بناوٹ مستطیل ہے۔ ایسے ڈبوں یا دوسری چیزوں کی ساخت کو ہم مکعب نما (Cuboid) کہتے ہیں۔ ایسے ڈبے جن میں کچھ سطحوں کی بناوٹ مستطیل اور کچھ سطحوں کی بناوٹ مربع ہو، ان کی ساخت کو بھی مکعب نما کہتے ہیں۔


ایسی چیزوں کے نام لکھئے جن کی بناوٹ مکعب نما ہے۔

1.
2.
3.
4.
5.
6.

آیئے اب ہم ایک مکعب نما جیسی بناوٹ والی چیز کا موازنہ (Comparision) ایک گیند سے کریں۔

ایک مکعب نما ڈبہ اور ایک گیند لے کر آیئے۔





ان دونوں کے بارے میں مندرجہ ذیل باتیں معلوم کیجیے:


| چیزیں | کونوں کی تعداد | کناروں کی تعداد | سپاٹ سطح کی تعداد | منحنی سطح کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| ڈبہ | | | | |
| گیند | | | | |

کیا آپکو معکب نما میں کوئی منحنی سطح ملتی ہے؟

کیا گیند میں آپ کو کوئی سپاٹ سطح ملی؟




اسی طرح گلاس، کٹوری، مٹکی اور اپنے آس پاس کی چیزوں کو دیکھ کر پتہ لگائیے کہ اُن میں کتنے کونے، کنارے ہیں اور کس کی سطح سپاٹ اور کس کی منحنی ہے؟




## آیئے تصویر بنائیں:

گلاس کو اوپر سے دیکھنے پر اور سامنے سے دیکھنے پر کیا کچھ فرق نظر آتا ہے؟




گلاس کو ٹھیک اوپر سے دیکھنے پر



گلاس کو سامنے سے دیکھنے پر

اسی طرح کیپ کو الگ الگ طرح سے رکھ کر دیکھنے پر وہ اس طرح دِکھائی دیتی ہے۔







☆ اسی طرح آپ بھی اپنے آس پاس کی چیزیں لیں۔ اُنھیں اوپر سے، سامنے سے دیکھ کر پتہ کیجئے کہ وہ کیسی نظر آرہی ہیں؟ ساتھ چیزوں کو الگ الگ طرح سے رکھ کر بھی دیکھئے کہ وہ کیسی نظر آرہی ہے۔؟


# گول گھیرا یعنی دائرہ (Circle)

باورچی خانہ میں کیا ہے، گول، گول:



باورچی خانہ کی تصویر دیکھ کر نیچے بنے جدول کو بھریے۔

| کٹوری نما گول چیزیں | گیند نما گول چیزیں | روٹی نما گول چیزیں |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |





اوپر کی تصویر میں چوڑی اور سِکّے کی مدد سے گول گھیرا (دائرہ) بنایا گیا ہے۔

آپ بھی اپنے آس۔پاس سے اسکول میں تین چار چیزیں لیجیے۔ اُن کی مدد سے گول گھیرا بنائیے۔

جن چیزوں سے آپ نے گول گھیرا بنایا اُن کے نام بھی لکھیے۔

| آپ نے کس چیز کی مدد سے گولا (دائرہ) بنایا | کہاں بنایا؟ |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |


کیا گول گھیرا (دائرہ) ٹھیک ٹھاک بنا؟

اپنی پنسیل اُٹھائیے اور پانچ سات گول گھیرے بنائیے۔ سب سے بڑے گول گھیرے میں لال رنگ اور سب سے چھوٹے گھیرے میں نیلا رنگ بھریئے۔

آپ ہر روز کوئی نہ کوئی کھیل کھیلتے ہوں گے۔ اُن میں ایسے کھیلوں کے نام لکھیے جن میں گول گھیرا بنانا پڑتا ہو اور اُن کھیلوں میں آپ گول گھیرا کیسے بناتے ہیں؟ یہ بھی لکھیے۔

| کھیل کا نام | اس کھیل میں گول گھیرا بنانے کا طریقہ |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

☆ ان تینوں بناوٹوں کی مدد سے کچھ ڈیزائن بنائیے اوراُن میں رنگ بھریے۔



دو۔دو، دوستوں کی ٹولی بنائیے۔ الگ الگ لمبائی کی ڈوری اور ڈنڈیاں لیجئے۔اسکول کے میدان میں ڈنڈی اور ڈوری کی مدد سے گول گھیرا بنائیے۔


کیا سبھی کے گول برابر ہیں؟..............................

کس ٹولی کا گھیرا سب سے چھوٹا ہے؟..............................

کس ٹولی کا گھیرا سب سے بڑا ہے؟..............................

سبھی ٹولیوں سے کہئے کہ وہ پہلے بنائے گئے گول گھیرے میں چھوٹا گول گھیرا بنائیں۔


پہلے سے چھوٹا گول گھیرا بنانے پر رسّی کی لمبائی کو.................کرنا پڑتا ہے۔



یعنی ڈوری کی لمبائی کم کرنے سے گول گھیرے کی بناوٹ چھوٹی ہو جاتی ہے۔اگر ڈوری کی لمبائی بڑھا دیں گے تو گول گھیرے کی بناوٹ..........ہو جائے گی۔


جس ڈوری سے گول گھیرا بناتے ہیں اُسے گول گھیرے کا نصف قطر کہتے ہیں۔

## نیچے دیئے گئے گول گھیرے کا نصف قطر (Radius) ناپ کر لکھئے۔



نصف قطر، قطر کا آدھا ہوتا ہے۔ اگر گولے (الف) کا نصف قطر...... سینٹی میٹر ہے، تو اُس کا قطر کتنا ہوگا؟............ نیچے دی گئی تصویر میں ناپ کر لکھیے۔

اسی طرح پچھلے صفحہ پر بنے چاروں گول گھیروں یا ڈائروں کے قطر بتایئے اور ناپ کر لکھیے:



دائرہ (الف) کا قطر =

دائرہ (ب) کا قطر =

دائرہ (ج) کا قطر =

دائرہ (د) کا قطر =

## اب بتایئے:

گول گھیرے (الف) کا قطر اُس گولے کے نصف قطر کا دوگنا آدھا ہے؟.......................

گول گھیرے (ب) کا قطر اُسی گولے کی تصنف قطر کا...................... ہے

گول گھیرے (ج) کا نصف قطر اُسی گولے کے قطر کا.............. ہے

گول گھیرے (د) کو قطر اُسی گولے کے نصف قطر کا.............. ہے

☆ آپ بھی اسے کمپاس کی مدد سے بنا سکتے ہیں۔





☆ ایک کمپاس لیجیے۔ اُس میں پنسل لگائیے۔

☆ کمپاس کو ایسے رکھیے کہ سیدھا کھڑا رکھنے پر پنسل کی نوک اور کمپاس کی نوک کاغذ پر ٹکی رہے۔

☆ کمپاس کا اوپری سرا پکڑیے۔ نوکیلی نوک کاغذ پر مقیم رکھیے۔ پنسل کو گھما کر گول گھیرا بنانے کی کوشش کیجیے۔ مقیم نقطہ گھیرے یا دائرہ کا مرکز کہلاتا ہے۔

☆ کیا آپ کا گول گھیرا بن پایا۔

کیا آپ ایک ہی مرکز پر تین یا چار الگ الگ ساخت کے دائرے بنا سکتے ہیں۔ نیچے دیے مرکز پر تین چار دائرے بنائیے۔ پھر اُن میں الگ الگ رنگ بھریے۔

## مرکز (Centre) کی تلاش:




اس گول گھیرا یعنی
دائرہ کے مرکز کا
پتہ کیسے لگائیں؟




دائرہ یعنی
دائرہ کے مرکز پر نقطہ



پہیے کے مرکز پر
نقطہ لگائیے




کیا اب آپ دائرہ کا مرکز بنا سکتے ہیں؟ مشکل ہو رہی ہے تو تصویر دیکھیے۔




(a) دائرہ نما کاٹا

(b) آدھا موڑا

(c) پھر آدھا موڑا

(d) دونوں سلوٹیں جہاں آپس میں کٹتی ہیں وہاں پر نقطہ لگاؤ، وہی مرکز ہے۔

آپ بھی کسی گول پلیٹ کو اپنی اُنگلی کے سہارے گھُمانے کی کوشش کیجیے۔خیال رکھیں کہ پلیٹ ایسی نہ لیں جو گرنے سے ٹوٹ جائے۔




سامنے تصویر میں گتے اور تیلی کی مدد سے پھرکی بنی ہے۔آپ گتے اور تیلی یا پھر ڈھکن اور تیلی کی مدد سے اپنی پھرکی بنا کر گھمائیے۔


آپ اپنے آس پاس سے اور بھی چیزیں چُن کر پھرکی بنا سکتے ہیں۔الگ الگ چیزیں لے کر پھرکی بنائیے۔اُن کی تصویریں کاپی میں بنائیے۔


باب-17

# پیٹرن یا نمونہ (Pattern)


نیچے دی گئی تصویروں کو دیکھئے۔ کیا آپ کو ان میں کوئی پیٹرن دکھائی دیتا ہے۔ اپنے دوستوں سے اس پر تبادلہ خیال کیجئے:













بناوٹوں میں پیٹرن کو سمجھیے اور آگے بنائیے۔












نیچے کچھ ٹائلوں کے نمونے دیئے گئے ہیں۔ آپ فرش کو اُن ٹائلوں سے ملائیے جن سے مل کر وہ بنے ہیں۔



## آیئے اب اعداد میں پیٹرن کو سمجھیے:

نیچے لکھے پیٹرن کو پہچانئے، اعداد کے بیچ کتنا فرق ہے اور اُنہیں آگے بڑھائیے۔

3, 5, 7, 9, ..................................

2, 7, 12, ..................................

40, 35, 30, ..................................

2, 5, 8, ..................................

اب بتایئے کیا نیچے کا پیٹرن اوپر دیئے پیٹرن سے الگ ہے۔

3, 7, 12, 18..........................

## آیئے پتا لگائیں:

کیا اس پیٹرن میں اعداد کے بیچ فرق برابر ہے؟

7 − 3 =

12 − 7 =

آگے کے اعداد کے لئے آپ فرق معلوم کریں۔

کیا ہر ایک آگے والے ہندسہ اور اُس سے پچھلے ہندسہ میں فرق برابر ہے؟

..........................................................

کیا ہندسے کا فرق ایک طئے شدہ ترتیب سے بڑھ رہا ہے؟

..........................................................

یہ ایک الگ پیٹرن ہے۔ اب آپ اس پیٹرن پر بنے کچھ سوالات کو حل کیجئے۔

(i) 1, 4, 8, 13, ..........................................................

(ii) 2, 4, 8, 14, ..........................................................

(iii) 2, 3, 5, 8, ..........................................................

کیا آپ سُریش کے ذریعہ بنائے گئے
اس نئے پیٹرن کو کھوج سکتے ہیں؟ کوشش کیجئے۔
اپنے اعداد کے دو پیٹرن کو ابھی سیکھا ہے سُریش کے بنائے پیٹرن
میں اُن پیٹرنوں کو جانچئے۔

میں نے ایک نیا پیٹرن بنایا ہے۔
1, 1, 2, 3, 5, 8, 13



سریش

کیا دو اعداد کا فرق برابر مل رہا ہے؟..........................................................

کیا دو اعداد کا فرق مل رہا ہے؟..........................................................

کیا دو اعداد میں فرق ایک ہی ترتیب سے بڑھ یا گھٹ رہا ہے؟..........................................................

اس لئے یہ پیٹرن پچھلے دو پیٹرنوں سے الگ ہے۔ چلئے اسے سمجھئے۔..........................................................

سُریش کے پیٹرن کے پہلے دو اعداد کو جوڑیئے..........................................................

کیا جوڑ تیسرے عدد کے برابر ہے؟..........................................................

اِسی طرح پیٹرن کے دوسرے اور تیسرے عدد کو جوڑ کر آگے والے عدد کو دیکھئے۔

اب تو پیٹرن سمجھ میں آ گیا ہوگا۔

چلئے اس پیٹرن کو تھوڑا اور آگے بڑھائیے۔


1, 1, 2, 3, 5, 8, 13, ..........................................................

مینا نے سُریش سے الگ عدد لے کر اس پیٹرن کی الگ طرح سے شروعات کی ہے۔

2, 2, 4, 6 -------------

آئیے مُکیش کو پیٹرن کو بڑھانے میں مدد کیجئے۔

ارے واہ ایک اور نیا پیٹرن......2,4,8,16 کو میں نے 1 کو 2 سے
ضرب کیا۔ پھر جو عدد ملا اُسے 2 سے ضرب کرکے آگے بڑھا دیا جیسے:
1x2=2, 2x2=4, 4x2=8



آیئے اب ہم انگریزی حروف تہجی (alphabets) کے کچھ پیٹرنوں کو سمجھیں اور پورا کریں:

A C E ..........................................................................

AA AB AC ......................................................................

AZ AX AV ......................................................................

ZA YB XC ......................................................................

ABC ABD ABE ..................................................................


15Z 14Y 13X ...................................................................

سیما نے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔ آپ انھیں سمجھئے اور پورا کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| CBA | FED | IHG | | | |
| A=1 | B=2 | C=3 | | | |
| ZYX | WVU | TSR | | | |

ہندسہ والے چارٹ دیکھئے اور پیٹرن ڈھونڈیئے:

| | | |
|---|---|---|
| 3 | 2 | 1 |
| 2 | 1 | 3 |
| 1 | 3 | 2 |




اسی طرح A,B,C کو سامنے دیئے گئے باکس میں لکھیے۔ کوئی بھی حرف دُہرایا نہیں جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

## جادوئی پیٹرن:


4 سے 11 کے اعداد کا پیٹرن دیکھیے ۔ ہر ایک لائن میں اعداد کا جوڑ 21 ہے۔

جیسے۔ 21=6+5+10

دوسری آڑی اور ترچھی لائنوں پر لکھے گئے اعداد کو لے کر آپ جوڑ کر دیکھیے۔

..................................................................


..................................................................





اسی پیٹرن کی طرح اب آپ 1 سے 7 تک کے اعداد کو ان دائروں میں بھریئے۔ اصول یہ ہے کہ ہر لائن میں اعداد کا جوڑ 12 ہی ہو۔


..................................................................

..................................................................




اعداد کو مینار کی طرح لگایا گیا ہے۔ اس عددی پیٹرن کو سمجھنے کے لئے نیچے سے شروع کیجئے۔



اب اسی طرح نیچے کا عددی مینار کو پورا کیجئے۔




پٹرن سمجھئے اور خالی جگہوں کو پورا کیجئے:

(i)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 30 | 30 | 30 | 30 | ..... | ..... |
| +32 | + 34 | + 36 | + ...... | + 40 | + ..... |
| 62 | 64 | 66 | 68 | | 72 |

(ii)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 101 | 100 | 99 | ....... | ..... | 96 |
| +103 | +104 | +...... | +....... | +107 | +....... |
| 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | ......... |

سیما نے سونو کو ایک کارڈ پر **3 15 13 5** لکھ کر پیغام بھیجا۔

سونو کو پیغام سمجھ میں نہیں آیا۔ سونو نے سعدیہ سے پیغام پڑھ کر بتانے کو کہا سعدیہ نے پیغام کے اصول کو سمجھا جو اس طرح تھا:

حرفوں کے لئے اعداد کا استعمال کیا گیا۔

جیسے: C=3, O=15, M=13, E=5

اسطرح COME ہوجائیگا (3, 15, 13, 5)

مندرجہ ذیل جدول کو حروف اور اعداد سے پورا کیجیے:


| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | B | C | D | E | F | G | H | I | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | Z |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | ... | 26 |

اشوک ''KEEP SILENCE'' لکھنا چاہتا ہے۔ اس اصول کو مان کر کیا لکھنا چاہیے۔


اب مندرجہ ذیل پیغامات کو عدد کی شکل میں لکھیے:

1. RUN
2. SIT DOWN
3. LAUGH
4. JUMP
5. SLEEP


راکیش اور رحیم نے اعداد کے ساتھ ایک کھیل کھیلنے کے لئے خاکہ بنایا جو نیچے دیا گیا ہے۔



تصویر-I



تصویر-II



تصویر-III


راکیش نے تصویر I میں 1 کو 1 سے ملایا۔

(i) رحیم نے پھر 2 کو 2 سے ملایا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس طرح ملانے پر کتنے چھوٹے خانے بنے؟ گن کر بتایئے۔

(ii) آپ 2-2 سے بنے چوکور کے اندر چھوٹے خانوں کو گن کر ان کی تعداد لکھیے۔

(iii) اس طرح آپ تصویر (iii) میں 3 کو 3 سے ملانے پر بنی بناوٹ میں چھوٹے خانوں کو گن کر لکھیے۔

نیچے دیئے گئے خاکوں میں آپ 4 کو 4 سے، 5 کو 5 سے، 6 کو 6 سے ملایئے اور دیکھئے کہ اُن کے اندر کتنے چھوٹے خانے بنے ہیں۔




4-4 کو ملانے پر اُس میں بنے چھوٹے خانوں کی تعداد= ..........................................

5-5 کو ملانے پر اُس میں بنے چھوٹے خانوں کی تعداد= ..........................................

6-6 کو ملانے پر اُس میں بنے چھوٹے خانوں کی تعداد= ..........................................

کیا آپ کو اس میں کوئی پیٹرن دکھائی دیتا ہے؟

اپنے دوستوں سے اس پر تبادلہ خیال کیجیے۔